نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے خشک اور سرد موسم کے دوران گندم کی بہتر دیکھ بھال کیلئے سفارشات جاری کردی

لاہور: 25جنوری 2024(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق طویل دورانیہ کے خشک اور سرد موسم کے باعث کاشتکار ربیع کی فصلات بالخصوص گندم کی خصوصی دیکھ بھال کریں۔اس وقت صوبہ پنجاب میں کاشتہ گندم کی عمر 65 دن سے زائد ہوچکی ہے لہٰذا کاشتکار یوریا کے غیر ضروری استعمال سے اجتناب کریں۔یوریا کے زیادہ استعمال سے فصل کی نباتاتی بڑھوتری میں غیر ضروری اضافہ ہو جاتا ہے اور تیز ہوا چلنے کی صورت میں فصل کے گرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگر گندم کی فصل کی حالت اچھی ہے اور پتوں کا رنگ گہرا سبز ہے تو مزید یوریا کھاد استعمال نہ کی جائے۔تاہم اگر فصل کمزور ہے اور پتوں میں پیلاہٹ ہے تو یوریا کا استعمال محکمہ زراعت توسیع کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کیا جاسکتا ہے۔جن کھیتوں میں نمی زیادہ ہونے کے باعث فصل پیلی پڑ گئی ہو وہاں NPK(این 20: پی 20: کے 20) 3 کلوگرام 100 لٹر پانی میں محلول بنا کر سپرے کریں۔اس کے علاوہ طویل دورانیے کے سرد موسم کے باعث نمی میں اضافہ ہونے کی وجہ سے گندم کی فصل پر بھوری اور زرد کنگی کے حملہ کے امکانات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔کاشتکار فصل کا باقاعدگی سے معائنہ جاری رکھیں اور کسی بھی قسم کی کنگی کے حملہ ظاہر ہونے پر محکمہ زراعت پنجاب (توسیع) کے مقامی عملہ کے مشورے سے سپرے کریں۔

☆☆☆☆